Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ ، 21 اکتوبر 2026ء ، 9 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 178

عظمیٰ بخاری نے معین قریشی کیخلاف ہتک عزت کا کیس جیت لیا

نجی ٹی وی شو میں بے بنیاد اور من گھڑت الزامات عائد کرنے پر لاہور کے ڈیفیمیشن ٹریبونل کا بڑا فیصلہ، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے معین قریشی پر 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانے کا دعویٰ دائر کیا تھا

اپوزیشن لیڈر کو 30 لاکھ روپے ہرجانا ادا کرنے کا حکم، لاہور کے ڈیفیمیشن ٹریبونل نے مقدمے کا مختصر فیصلہ جاری کر دیا، ٹریبونل کے مطابق معین ریاض قریشی نے خود تسلیم کیا کہ انہوں نے ٹی وی پروگرام میں مذکورہ باتیں کی تھیں



وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف، مثالی گاؤں پراجیکٹ کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف معین ریاض قریشی کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ جیت لیا۔ لاہور کے ڈیفیمیشن ٹریبونل نے کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے معین ریاض قریشی کو عظمیٰ بخاری کو 30 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے معین ریاض قریشی کے خلاف 8 کروڑ 40 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 7)

احسن اقبال کا پارلیمنٹ میں کھلے عام سگریٹ نوشی پر اعتراض

اسپیکر کی ارکان کو مختص جگہ پر جانے کی ہدایت، پارلیمنٹ میں سگریٹ نوشی کیلئے جگہ مختص ہے

یقینی بنایا جائے آئندہ مختص جگہ کے علاوہ سگریٹ نوشی نہ کی جائے، سپیکر

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے پارلیمنٹ کی عمارت میں سگریٹ نوشی پر اعتراض اٹھا دیا۔ قومی اسمبلی میں احسن اقبال نے کہا کہ ہماری پارلیمنٹ کی عمارت میں کھلے عام سگریٹ نوشی کی جاتی ہے، سگریٹ نوشی کے باعث دیگر (بقیہ نمبر 19)

روس کی پاک افغان کشیدگی کے خاتمے کیلئے ثالثی کی پیشکش

پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں، البرٹ پی خوریف

اسلام آباد (این این آئی) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کے خاتمے میں تعاون کی پیشکش کر دی۔ روس کے سفیر البرٹ پی خوریف نے اسٹیٹ آف سٹریٹیجک سٹڈیز اسلام آباد میں پاک روس تعلقات کے موضوع (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں ناجائز اسلحہ کے قوانین سخت کرنے کا فیصلہ

61 سال پرانے آرمز آرڈیننس 1965ء میں ترمیم، ناجائز اسلحہ کے مقدمات ناقابل ضمانت بنانے اور راضی نامے کی گنجائش ختم کرنے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 61 سال پرانا آرڈیننس 1965ء میں ترمیم کر کے پنجاب آرمز قانون تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے پنجاب آرمز ایکٹ 2026ء لانے کی تیاری شروع (بقیہ نمبر 21)

وزیر اعظم شہباز شریف کا پشاور کا دورہ منسوخ

وزیر اعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کا منگل کو ہونے والا دورہ پشاور منسوخ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قبل ازیں، حکومتی ذرائع (بقیہ نمبر 20)

پنجاب میں خوشحال دیہات ایکٹ 2026 متعارف کرانے کا فیصلہ، 120 دیہات میں فوری طور پر پائلٹ پراجیکٹ کے آغاز پر اتفاق

ہر گاؤں میں عوامی ویلیج کمیٹی بنانے کا فیصلہ

نمائندوں کی مشاورت سے

سب دیہات کو مثالی گاؤں بنانے کا عزم غیر متزلزل ہے، ترقی اب بڑے شہروں تک محدود نہیں، ہر گاؤں تک بھی ثمرات پہنچیں گے

وہ دن دور نہیں جب پنجاب کا ہر گاؤں ایک مثال بنے گا، ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈر اپنے اپنے متعلقہ گاؤں میں ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے نگہبان ہوں گے

ویلیج کمیٹی کی فوری تشکیل اور پلان طلب، مثالی گاؤں کے پراجیکٹ پر بریفنگ، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب کے دیہات کو مثالی گاؤں بنانے کے پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اس موقع پر پنجاب میں خوشحال دیہات ایکٹ 2026 متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں 120 دیہات میں فوری طور پر پائلٹ پراجیکٹ کے آغاز پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر ویلیج کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا ہر گاؤں میں عوامی نمائندوں کی مشاورت سے (بقیہ نمبر 27)



وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین بطور مہمان خصوصی لیبر کمپلیکس فیز 2 ٹیکسلا کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک، محسن ایوب خان MPA حاجی عمر فاروق ملک اور سیکرٹری WWF بھی اس موقع پر موجود ہیں

محنت کش خوشحال ہوگا تو پاکستان خوشحال ہوگا، سیاست کو عبادت سمجھتے ہیں اور عوامی خدمت کو اقتدار کا بنیادی مقصد تصور کرتے ہیں، چوہدری سالک حسین

ٹیکسلا میں "لیبر کمپلیکس فیز ٹو" کا سنگِ بنیاد

1 ارب 10 کروڑ روپے کا نیا منصوبہ

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے ٹیکسلا میں 110 کروڑ 60 لاکھ روپے کی لاگت سے لیبر کمپلیکس فیز 2 کا سنگ بنیاد رکھ دیا، جو 24 ماہ میں مکمل ہوگا

منصوبے کے تحت لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے ہائی اسکول، جونیئر پرائمری اسکول، مسجد اور منی مارکیٹ تعمیر کی جائے گی

تعمیر شدہ 504 فلیٹس (جن میں سے 70 پی او ایف واہ کینٹ کے شہداء کیلئے ہیں) کی چابیاں مستحق محنت کشوں کے حوالے کی جائیں گی

مزدور کی عزت، پاکستان کی عزت ہے "وفاقی وزیر کا شفافیت، اعلیٰ تعمیراتی معیار اور وقت پر تکمیل کو یقینی بنانے پر زور

وفاقی وزیر کا لیبر کمپلیکس فیز ٹو ٹیکسلا کی تقریب سنگِ بنیاد سے خطاب، منصوبہ 110 کروڑ 60 لاکھ روپے کی لاگت سے 24 ماہ سے پہلے مکمل ہوگا

ٹیکسلا (محمد فیصل ندیم سے) وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ محنت کشوں کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کا تحفظ اور ان کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ مزدور کی عزت، پاکستان کی عزت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لیبر کمپلیکس فیز ٹو، ٹیکسلا کی تقریب سنگِ بنیاد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک، رکن صوبائی اسمبلی محسن ایوب خان، سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی ملک عمر فاروق، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان مسلم لیگ (ق) غلام مصطفیٰ ملک، صدر فیڈرل کیپٹل (بقیہ نمبر 8)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب و داخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے ملاقات کی ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق ملاقات کے دوران داخلی (بقیہ نمبر 23)



دوحہ: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی قطری ہم منصب اور نیشنل سیکیورٹی فورس کے کمانڈر، شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے کی سرمایہ کاروں اور ڈویلپرز کیساتھ اہم ملاقات

ایس سی او سربراہی اجلاس 2027 کی کامیاب میزبانی اور اسلام آباد میں شعبہ میزبانی اور رئیل اسٹیٹ کے فروغ پر تبادلہ خیال

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف اور عالمی ہوٹل انڈسٹری کے نمائندوں کی اسلام آباد کو جدید بنانے کے لیے اہم پیش رفت

شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس 2027 کی میزبانی کے لیے وفاقی دارالحکومت میں ہوسپٹلٹی اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو عالمی معیار پر لانے کا عزم

شہر کے تمام بڑے ہوٹلوں کے نمائندگان کی شرکت، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی نجی سرمایہ کاروں کو مکمل سہولیات کی یقین دہانی

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں سرمایہ کاروں، ڈویلپرز اور شعبہ میزبانی سے وابستہ نمائندوں کے ساتھ اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں اسلام آباد میں شعبہ میزبانی اور رئیل اسٹیٹ کے فروغ سمیت اگست 2027 میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) سربراہی اجلاس کی تیاریوں اور (بقیہ نمبر 12)

چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد کی ہیڈ کوارٹر میں لائیو ای۔ کچہری

بی آئی ایس پی

سینیٹر روبینہ خالد نے 6 پارٹنر بینکوں کے ذریعے ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے آسان اور شفاف ادائیگیوں کے نظام پر روشنی ڈالی

خواتین بینیفشریز کو مفت بینظیر سمرسم صرف بی آئی ایس پی دفاتر سے حاصل کرنے، شناختی کارڈ کی تجدید کروانے کی ہدایات

خواتین بینیفشریز ملک کے کسی بھی شہر میں، کسی بھی دن، کسی بھی وقت، چھ پارٹنر بینکوں کے کسی بھی مجاز ریٹیلر سے رقم وصول کر سکیں گی، سینیٹر روبینہ خالد



چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیو ای۔ کچہری کے دوران کالرز کے مسائل سن رہی ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیو ای۔ کچہری کے دوران 28 کالرز کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ڈیجیٹل والٹ ادائیگیوں میں انٹرآپریبلٹی کا نظام خواتین بینیفشریز کو ملک کے کسی بھی شہر میں، کسی بھی دن، کسی بھی وقت، چھ پارٹنر بینکوں کے کسی بھی مجاز ریٹیلر سے رقم وصول کرنے کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس نظام کے تحت خواتین کسی ایک شہر یا بینک تک محدود نہیں (بقیہ نمبر 13)

اسکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکنڈری رن وے 13 روز کیلئے بند

پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے تمام کپتانوں کے لیے نئی ایڈوائزری جاری کر دی

اسلام آباد (اے ایف پی) اسکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکنڈری رن وے 14 اپریل تعمیراتی کام کے باعث 13 روز کے لیے بند رہے گا۔ جاری کردہ نوٹم کے مطابق سیکنڈری رن وے کے دونوں اطراف تعمیراتی کام 20 اکتوبر تا 3 نومبر جاری رہے گا، جبکہ ایمرجنسی کی صورت

میٹرک سالانہ اوّل پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم

امتحان 2026ء کے

نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلباء و طالبات میں فی کس ایک لاکھ روپے کے کیش پرائز تقسیم کیے گئے

میرٹ، معیاری تعلیم اور طلبہ کی حوصلہ افزائی حکومتِ پنجاب کی ترجیحات ہیں، پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

راولپنڈی (این ای این) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کے زیر اہتمام میٹرک سالانہ اوّل امتحان 2026ء میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کے اعزاز میں وزیر اعلیٰ پنجاب کیش پرائز ایوارڈ تقریب بورڈ کمپلیکس راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز سیکرٹری بورڈ محمد فہید نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ تقریب کے دوران نمایاں کامیابی حاصل کرنے (بقیہ نمبر 10)

میر رضا قتل کیس: تفتیشی افسر تیسری مرتبہ حتمی چالان پیش کرنے میں ناکام

کراچی (اے ایف پی) کراچی کے نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کے کیس میں تفتیشی حکام نے چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت طلب کر لی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں سماعت کے دوران تفتیشی افسر تیسری مرتبہ حتمی چالان پیش کرنے میں ناکام (بقیہ نمبر 25)

ایکسپورٹ فیسیلی ٹیشن سکیم جاری رہے گی، بلال اظہر کیانی

غلط استعمال کی روک تھام کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں، وزیر مملکت خزانہ کا قومی اسمبلی میں جواب

اسلام آباد (اے پی پی): وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے انتہائی اہم ہے اور اسے جاری رکھا جائے گا، سکیم کے غلط استعمال کی روک تھام اور مقامی صنعت کے تحفظات دور کرنے کے (بقیہ نمبر 24)



نائب وزیر اعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، دوشنبہ میں تاجکستان کے صدر جناب امام علی رحمون سے ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کسی لالچ میں نہیں لگایا گیا: شرجیل میمن

کراچی (اے ایف پی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کسی لالچ میں نہیں لگایا گیا۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کے پی حکومت چیزیں ٹھیک کرنے کیلئے تیار نہیں تھی، پی ٹی آئی نے دہشتگرد وں کیلئے نرم رویہ اختیار کر کے (بقیہ نمبر 26)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت اجلاس

مری میں غیر قانونی تعمیرات کیخلاف جاری آپریشن کا جائزہ لیا گیا

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن (MC) کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مری میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف جاری آپریشن اور اس حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران مری میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام اور متعلقہ قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے امور زیر غور آئے۔ اس موقع پر جاری آپریشن کی پیش رفت کا جائزہ لیتے (بقیہ نمبر 9)

کندھ کوٹ، مبینہ پولیس مقابلہ دو ملزمان گرفتار، ایک زخمی

گرفتار ملزمان متعدد وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث قرار تھے، ایس ایس پی کشمور

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) تھانہ اے سیکشن کندھ کوٹ کی حدود میں مسن موڑ کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے دوران پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن میں سے ایک مبینہ فائرنگ کے تبادلے میں زخمی ہو گیا جبکہ دیگر ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران مبینہ طور پر ایک پستول اور موٹر سائیکل بھی (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی میں شہریوں کی صحت سے کھیلنے کی کوشش ناکام

1900 کلو مضر صحت گوشت پکڑ کر تلف کر دیا گیا، مقدمات درج

راولپنڈی (این ای این) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کی ہدایات پر کارروائی کرتے ہوئے فوڈ اتھارٹی ٹیموں نے دو گاڑیوں میں چھپا کر لایا جانے والا مضر صحت گوشت پکڑ لیا۔ گوشت کو منڈی بہاؤالدین سے راولپنڈی کے بھابڑہ بازار میں (بقیہ نمبر 16)



صوبائی وزیر محنت و انسانی وسائل محمد منشاء اللہ بٹ سے صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت سائلین سے ملاقات

آغا ظہیر عباس نے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری

مری (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اوپن ڈور پالیسی کے مطابق اپنے دفتر میں آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔ (بقیہ نمبر 17)

حضرت علامہ حافظ محمد اکبر 23 اکتوبر کو خطبہ جمعہ دینگے

طارق شریف سمارٹ سٹی گوجر خان کی مرکزی جامع مسجد قباء میں خطبہ دینگے

گوجر خان (قمر شہزاد) طارق شریف بھٹی کی جانب سے جاری کردہ دعوتی پیغام کے مطابق جامع مسجد قباء میں 23 اکتوبر 2026 بروز جمعۃ المبارک ایک پروقار اور ایمان افروز روحانی اجتماع کا انعقاد کیا جا رہا (بقیہ نمبر 18)

زراعت، کان کنی، معدنیات اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں

شنگھائی تعاون تنظیم پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کر سکتی ہے، اسحاق ڈار

سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے

پاکستان کی شنگھائی تعاون تنظیم میں شمولیت شنگھائی اسپرٹ سے ہماری وابستگی کا عکاس ہے، نائب وزیر اعظم

دوشنبے (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم ڈیجیٹل تبدیلی اور پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کر سکتی ہے، زراعت، کان کنی، معدنیات اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر (بقیہ نمبر 28)

دہشت گردی کا بہانہ بنا کر گورنر راج لگایا گیا، بیرسٹر گوہر

ہم دہشت گردی کیخلاف ریاست کیساتھ ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (اے ایف پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم دہشتگردی کے خلاف ریاست کے ساتھ ہیں لیکن دہشتگردی کا بہانہ بنا کر گورنر راج لگایا گیا۔ پشاور ہائیکورٹ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستوں پر سماعت (بقیہ نمبر 30)

ای پاسپورٹس کے لازمی اجراء کی تاریخ میں توسیع

اسلام آباد (اے ایف پی) مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس کی جگہ ای پاسپورٹس کے لازمی اجراء کی تاریخ میں 22 اکتوبر تک کی توسیع کر دی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل (بقیہ نمبر 29)

ورلڈ پولیو ڈے سے قبل طلبہ کا فرنٹ لائن پولیو ورکرز کو خراجِ تحسین

فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی میں 24 اکتوبر "ورلڈ پولیو ڈے" کی مناسبت سے "شکریہ فرنٹ لائن ورکرز" کے موضوع پر تقریب کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کی فوکل پرسن برائے پولیو عظمیٰ کاردار، وائس چانسلر پروفیسر بشریٰ مرزا اور ہیلتھ حکام نے پولیو ورکرز کی قربانیوں اور خدمات کو سراہا

سربراہ پنجاب انسدادِ پولیو پروگرام خالد پرویز کے مطابق پنجاب کے 11 منتخب اضلاع میں 2 سے 8 نومبر تک انسدادِ پولیو مہم چلائی جائے گی

سربراہ پنجاب انسدادِ پولیو پروگرام خالد پرویز کے مطابق پنجاب کے 11 منتخب اضلاع میں 2 سے 8 نومبر تک انسدادِ پولیو مہم چلائی جائے گی



ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ رانا عدیل تصور تھرا پنجاب ٹیم فیروز والہ کی جانب سے جگیاں سیالاں کوٹ عبدالمالک میں ستھرا پنجاب بیٹھک میں صفائی نظام بارے بریفنگ لے رہے ہیں

اسپیلنگ بی مقابلے کا جی آر-6 کیمپس میں کامیاب انعقاد

کے جی سے جماعت ششم تک کے طلبہ و طالبات کے لیے اسپیلنگ بی مقابلے کا اہتمام

جی آر 6- کیمپس راوی روڈ میں پروقار تقریب، ریجنل منیجر وردہ عاصم اور پرنسپلز کی خصوصی شرکت

مقابلے کا مقصد طلبہ کی لسانی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو فروغ دینا ہے، منتظمین کا تقریب سے خطاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) امریکن لائیکیفٹ ڈی این اے اسکول سسٹم کے راوی روڈ ریجن کے تحت کے جی سے جماعت ششم تک کے طلبہ و طالبات کے لیے اسپیلنگ بی مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کی میزبانی جی آر 6- کیمپس کی ہیڈ مسٹریس بازغہ انصاری اور منزہ نے کی، جنہوں نے بہترین انتظامات اور شاندار میزبانی کے ذریعے تقریب کو کامیاب بنایا۔ تقریب میں ریجنل منیجر وردہ عاصم نے (بقیہ نمبر 11)



امریکن لائیکیفٹ ڈی این اے اسکول سسٹم کے راوی روڈ ریجن کے تحت کے جی سے جماعت ششم تک کے طلبہ و طالبات کے لیے اسپیلنگ بی مقابلے کا انعقاد کیا گیا

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مہنگائی اور منافع خوری

مہنگائی پر قابو پانے کے حکومتی دعوؤں کے باوجود ملک میں مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کا سلسلہ بدستور جاری ہے ۔ ملک میں انسدادِ گرانی کمیٹیوں' پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور انفورسمنٹ فورسز کی موجودگی کے باوجود سرکاری نرخ ناموں کی خلاف ورزی جاری ہے ۔خبروں کے مطابق اتوار کے روز لاہور میں ٹماٹر سرکاری نرخ 130 کے بجائے 150 روپے' پیاز 190 کے بجائے 220 روپے' سبز مرچ 120 کے بجائے 150 روپے اور پھول گوبھی 120 کے بجائے 150 روپے فی کلو فروخت ہوتی رہی۔ یہی صورتحال دیگر سبزیوں اور پھلوں کی بھی ہے' جبکہ گھی اور خوردنی تیل بھی 20 روپے فی کلو تک مہنگے کر دیے گئے ہیں۔ یوں عام آدمی کیلئے خوراک کا حصول بتدریج مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ اگر سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی نہیں بنایا جا سکتا تو ان کے اجرا اور قیمتوں کی نگرانی کیلئے قائم نظام کی افادیت کیا ہے؟

حکومت کو تھوک منڈیوں سے پرچون دکانوں تک قیمتوں کی نگرانی' ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی یقینی بنانا ہوگی۔ جرمانوں کے ساتھ خلاف ورزی کے اعادے پر سخت قانونی اقدامات بھی ضروری ہیں۔ اگر متعلقہ حکام دیانتداری اور سنجیدگی سے اپنے فرائض انجام دیں تو ناجائز منافع خوری پر قابو پایا جا سکتا ہے اور عوام کو حقیقی ریلیف مل سکتا ہے۔

معیشت سے غیر ہم آہنگ سول سروس

شاہد کاردار

گزشتہ دو مضامین میں ہم نے یہ نظریہ پیش کیا کہ نظام حکومت میں اصلاحات کیلئے سول سروس میں اصلاحات بنیادی حیثیت رکھتی ہیں لیکن ہماری سول سروس کا بدلتے ہوئے زمانہ کے تقاضوں کے مطابق ارتقا نہیں ہو سکا۔ یہ فرسودہ سرکاری مشینری جدید دور کی ضروریات پوری نہیں کر سکتی۔ حکومت کے تقریباً تمام اعلیٰ ترین عہدوں پر ایک جنرلسٹ گروپ یعنی پی ایس ایس افسران کی اجارہ داری ہے۔ اس گروپ کا ایک افسر مقابلہ کے ایک امتحان کی بنیاد پر سروس میں داخل ہوتا ہے اور اسے اگلے عہدہ پر ترقی ملتی رہتی ہے حالانکہ وہ کسی مخصوص شعبہ میں مہارت سے محروم ہوتا ہے۔ اس معاملہ کا ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ موجودہ سول سروس اعلیٰ سطح پر بنائی جانے والی پالیسیوں پر عمل درآمد کرانے میں اکثر و بیشتر ناکام رہتی ہے۔ حالت یہ ہے کہ حکومت کی اچھی طرح تشکیل دی گئی پالیسیوں پر بھی عمل درآمد ناقص ہوتا ہے جس کی تین بڑی وجوہات ہیں۔ (الف): حکومت سے کسی معاملہ کی منظوری لینے اور دستاویزات کی تصدیق کیلئے بہت زیادہ مراحل ہیں حتیٰ کہ معمول کے معاملات میں بھی۔ (ب): فرسودہ ضوابط اور انتظامی نظام' جو نوآبادیاتی دور سے ورثہ میں ملے ہیں یا بعد میں وضع کیے گئے' ان کا بہت سختی سے تحفظ کیا جاتا ہے۔ (ج): کام کاج کے ایسے طریقہ کار ہیں جو اعلان کردہ پالیسی سے متصادم ہیں۔ حکومت کے متعدد قواعد و ضوابط اب غیر متعلق ہو چکے ہیں یا ایک دوسرے سے متصادم ہیں۔ معیارات اور پیمانے اکثر فرسودہ' غیر واضح یا غیر ضروری طور پر سخت ہیں۔ ان کے نتیجہ میں ایسے اخراجات عائد ہوتے ہیں جنہیں کاروباری لوگ مشکل سے برداشت کر سکتے ہیں۔

اختیارات کے ارتکاز' پیچیدہ طریقہ کار اور مبہم معیارات کی وجہ سے نہ صرف فیصلہ سازی سست ہو جاتی ہے بلکہ سرکاری اہلکاروں کو ناجائز مالی فائدہ حاصل کرنے کے مواقع بھی مل جاتے ہیں۔ یہ انتظامات اس لیے برقرار ہیں کیونکہ وہ معاشی لین دین پر اہلکاروں کا اختیار قائم رکھتے ہیں۔ تاہم حکومتی نظام کو اس بات کی سمجھ نہیں کہ انتظامی قواعد اور سرکاری افسروں کے رویہ کی وجہ سے کاروباری ماحول کس طرح متاثر ہوتا ہے اور کاروباری لوگوں کی کتنی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ حکومت کے بہت سے فرائض اب متروک یا غیر ضروری ہو چکے ہیں۔ متعدد اداروں کے اختیارات اکثر ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور وہ ایک جیسی سرگرمیاں انجام دیتے ہیں۔ اسلام آباد کے بلیو ایریا سے گزرتے ہوئے بے شمار سرکاری دفاتر نظر آتے ہیں جن کے نام خود مختلف حکومتی اداروں کیلئے غیر مانوس ہیں اور انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ ادارے کرتے کیا ہیں۔ 18ویں ترمیم کے بعد اختیارات صوبوں کو منتقل کر دیے گئے لیکن وفاقی حکومت کے حجم میں اس کے مطابق کمی نہیں کی گئی۔ حتیٰ کہ کسی ایک حکومت (وفاقی ہو یا صوبائی) کے اندر بھی متعلقہ فرائض اکثر کئی محکموں اور خودمختار اداروں میں بٹے ہوئے ہیں۔ بعض وزارتوں کی ذمہ داریوں اور ان سے منسلک ایجنسیوں کے فرائض میں فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اختیارات کی اس تقسیم کے نتیجہ میں کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور پالیسی میں ہم آہنگی' اس پر عملدرآمد اور اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کمزور پڑ جاتا ہے ۔ اگرچہ ریاستی مشینری کمزور ہو گئی ہے لیکن بااثر نیٹ ورکس اس استحصالی نظام کو جاری و ساری رکھنے کیلئے سرگرم ہیں۔ اس پورے ریگولیٹری ڈھانچہ کی بنیاد بیوروکریسی کا یہ یقین ہے کہ مارکیٹ پر بڑی حد تک اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ بیوروکریسی کو یہ بھی یقین ہے کہ ریاست معاشی سرگرمیوں کو منظم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے ۔ بین الاقوامی مالیاتی اداروں (ڈونرز) نے بھی بعض اوقات مختلف ممالک میں ایک جیسے ادارہ جاتی انتظامات کو فروغ دیا جس سے اس حکومتی رجحان کو تقویت ملی حالانکہ ان ممالک کے حجم' صلاحیت اور ادارہ جاتی کلچر میں نمایاں فرق ہے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ان اداروں میں تقرریاں بھی میرٹ کی بنیاد پر ہوں۔

ہماری سول سوسائٹی بھی اکثر مارکیٹ کو شک کی نگاہ سے دیکھتی ہے جس سے بیوروکریسی کو ریگولیشنز بنانے کا مزید جواز مل گیا۔ مارکیٹ پر مبنی ترغیبات اور سزاؤں کے نظام کو رائج نہیں کیا گیا بلکہ براہ راست سرکاری کنٹرول کو ترجیح دی گئی۔ پاکستان کی اپنی معاشی ترقی بھی اس طور سے ہوئی جس سے اس حکومتی رجحان کو تقویت ملی۔ وہ اس طرح کہ ابتدا میں ہمارا متوسط طبقہ متحرک اور آزادانہ معاشی ترقی کے عمل کے نتیجہ میں وجود میں نہیں آیا بلکہ اس کی تشکیل بڑی حد تک سرکاری شعبہ میں ملازمت کے ذریعہ ہوئی۔ آج بھی بہت سے لوگ یہ تصور نہیں کر سکتے کہ وہ ریاستی سرپرستی کے بغیر ترقی کر سکتے ہیں۔ وہ ریاست کو ایک کلی اختیار کا حامل سرپرستی کا ادارہ سمجھتے ہیں جو اس بات کا ذمہ دار ہے کہ انہیں خطرات سے تحفظ دے اور ہر ممکن ضرورت پوری کرے۔

اس سارے عمل کا نتیجہ ہر شعبہ زندگی میں وسیع پیمانہ پر ریاستی مداخلت کی صورت میں نکلا۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی تحقیق کے مطابق حکومت کے مملکتی اداروں اور خصوصی ریگولیٹری حکم ناموں (ایس آر اوز) کے کلچر کی بنا پر معیشت کا تقریباً 70 فیصد حصہ ریاست کے زیر اثر ہے ۔ 120 سے زیادہ ریگولیٹری اداروں اور تجارتی اور کاروباری ریگولیشنز کا ایک پیچیدہ جال موجود ہے جو مارکیٹ کو مسخ کرتا اور کاروبار کرنے کی لاگت میں اضافہ کر دیتا ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا حجم بدستور بڑا ہے' وہ مداخلت پسند ہیں اور پوری طرح جوابدہ بھی نہیں۔ حکومتیں خدمت کے بجائے حکمرانی کرنے کی طرف زیادہ مائل ہیں۔ فیصلہ سازی کی مرکزیت اور فرسودہ اور حد سے زیادہ تعداد میں قواعد پر بلاسوچے سمجھے عمل۔ ان دو چیزوں نے مل جل کر معاشی ترقی کے امکانات کو شدید نقصان پہنچایا۔

اس حکمت عملی کے سبب جو ڈھانچہ' نظام اور کاروباری طریقہ کار وجود میں آئے ان کا نتیجہ یہ نکلا کہ حکومتی شعبوں میں ضرورت سے زیادہ عملہ بھرتی ہو گیا اور حکومت نے بہت زیادہ ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ آج سرکاری شعبہ ریاست کی بنیادی ذمہ داریوں سے کہیں زیادہ فرائض انجام دے رہا ہے جبکہ اسے ایسی بیوروکریسی چلا رہی ہے جو اہلیت کی کمی' مبینہ طور پر مسلسل کم ہوتی ہوئی تنخواہوں کے باعث پست حوصلہ' بدعنوانی' سیاسی مداخلت اور کمزور جوابدہی کا شکار ہے۔ نظام صرف افسروں کی ضروریات اور سہولیات پوری کرنے میں لگا ہوا ہے لیکن عوام کو خدمات مہیا کرنے کی ذمہ داری پوری نہیں کر رہا۔ تعلیم کا شعبہ اس مسئلہ کی واضح مثال ہے۔ پاکستان کی آمدنی کی سطح والے ملک کے لیے تعلیم پر جی ڈی پی کا کم سے کم چار فیصد کے برابر رقم خرچ کرنا معمول سمجھا جاتا ہے لیکن اس کے مقابلہ میں پاکستان حکومت تعلیم کے سرکاری شعبہ پر تقریباً دو فیصد خرچ کرتی ہے (تازہ ترین اعداد و شمار اس سے بھی کم ہیں)۔ گویا تعلیم پر حکومتی اخراجات درکار اخراجات سے تقریباً 2 فیصد پوائنٹ کم ہیں' اسکے باوجود پاکستان میں ناخواندہ افراد کی شرح ان ملکوں سے تقریباً 24 فیصد پوائنٹ زیادہ ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسئلہ صرف یہ نہیں کہ تعلیم پر کم وسائل اور فنڈز خرچ کیے جا رہے ہیں بلکہ مسئلہ متعلقہ حکومتی اہلکاروں کی ناقص جوابدہی کا بھی ہے۔ ان تمام باتوں کے باوجود اس بات کی سنجیدہ جانچ پڑتال نہیں کی جاتی کہ موجودہ فرائض' قواعد و ضوابط اور سرکاری روایات کس حد تک اب موزوں رہ گئے ہیں۔ دنیا میں ٹیکنالوجی تیزی سے بدل رہی ہے' بین الاقوامی مارکیٹ کے تقاضے بدلتے جا رہے ہیں' میڈیا بہت فعال ہے اور سول سوسائٹی بہت باخبر ہو گئی ہے اور اپنے حقوق پر اصرار کرنے لگی ہے' لیکن حکومتی نظام میں جمود کی صورتحال برقرار ہے۔

سول سروس کا نظام اور معاشرہ کے وہ بااثر طبقات کے ساتھ جو پالیسی سازی پر اثر انداز ہوتے ہیں' ان دونوں کا اتحاد ہے۔ اس گٹھ جوڑ کا موجودہ نظام کو برقرار رکھنے میں بڑا مفاد وابستہ ہے ۔ یہ دونوں فریق بامعنی تبدیلی کی مزاحمت کرتے ہیں۔ اس لیے یہ توقع رکھنا حقیقت پسندانہ نہیں ہوگا کہ موجودہ انتظامی کلچر بنیادی ادارہ جاتی اصلاحات کے بغیر اچانک دیانت داری' انصاف' غیر جانبداری اور شفافیت اختیار کر لے گا۔

پھیلتی جنگ اور ایک باپ کا نوحہ

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

بات امریکہ' ایران جنگ رکوانے کیلئے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت' جون 2026ء سے شروع ہوئی تھی۔ تب یہی سمجھا جا رہا تھا کہ اگلے چند دنوں میں جنگ کے پھیلتے شعلے ماند پڑ جائیں گے ۔ مگر بات بڑھتے بڑھتے بہت بڑھ گئی ہے۔

پہلے سعودی عرب سمیت خلیجی ریاستوں میں موجود امریکی فوجی اڈوں اور عسکری ٹھکانوں کو ایران نے نشانہ بنایا۔ پھر یمن کے حوثیوں نے سعودی عرب کی فضائیہ کے اڈوں کو ہی نہیں انٹرنیشنل ہوائی اڈوں کو بھی نشانہ بنایا۔ نیز باب المندب کے راستے سعودی تیل کی ترسیل بند کر دی۔ اب گزشتہ کئی روز سے سعودی طیارے حوثیوں کے ٹھکانوں اور اُن کے دارالحکومت صنعا پر بمباری کر رہے ہیں۔ سمندر سے اتحادی افواج حوثیوں پر میزائل برسا رہی ہیں۔ حوثیوں کا روزانہ کی بنیاد پر خاصا جانی نقصان ہو رہا ہے' اس لیے انہوں نے شہر شہر اور قریہ قریہ پھیلے ہوئے اپنے رابطہ دفاتر کے ذریعے مزید جوانوں کی بھرتی کو تیز تر کر دیا ہے۔ حوثیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے پاس دس لاکھ تربیت یافتہ افراد ہیں۔ اُن کے دعوے کے مطابق ان میں سے اکثریت اپنی جان ہتھیلی پر رکھے ہوئے ہے ۔ تازہ خبروں کے مطابق ایک بار پھر حوثیوں نے سعودی عرب پر حملے بڑھا دیے ہیں۔ اتوار کے روز انہوں نے سعودی عرب کے جنوبی شہر نجران پر گولے داغے' جن سے کئی شہری زخمی ہوئے ۔ اس کے علاوہ ایک سعودی ہیلی کاپٹر مار گرایا گیا۔ ادھر مصری دفاعی کونسل نے فوج سعودی عرب بھیجنے کی منظوری دے دی ہے۔

اس وقت طرح طرح کی خبریں اور افواہیں عالمی و سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہیں۔ پاکستان اور ایران کا بارڈر بھی بند ہے۔ اتوار کے روز وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور اُن سے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ یہ ہے وہ منظر نامہ جس کی ہم نے آپ کے سامنے ایک مختصر جھلک پیش کی ہے ۔ اس وقت سب سے زیادہ خوش اسرائیل اور امریکہ ہیں۔ مسلمان آپس میں دست و گریباں ہیں۔ چند سال پیشتر پرانے سرحدی جھگڑوں کے باوجود یمن اور سعودی عرب شیر و شکر تھے' اب ایک دوسرے کے خون کے پیاسے نظر آ رہے ہیں۔ ایسی صورتحال پر نجف یا ہومسرت کے شادیانے بجا رہا ہوگا کہ مسلمان غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال سے بے خبر اپنے جھگڑوں میں مشغول ہیں اور آزادئ فلسطین اور بااختیار فلسطینی ریاست کے قیام کے بجائے آپس کی جنگوں اور دشمنیوں میں الجھے ہوئے ہیں۔ اسرائیل کا خیال ہے کہ سعودی عرب جتنا کمزور ہوگا اتنا ہی جلد وہ کئی دیگر خلیجی ملکوں کی طرح معاہدۂ ابراہیمی کا حصہ بننے پر آمادہ ہو جائے گا۔ صہیونی عناصر یہ تخمینے بھی لگا کر بیٹھے ہوئے ہیں کہ مسلمانوں کی باہمی آویزش اور چپقلش گریٹر اسرائیل کیلئے اُن کا کام آسان کر دے گی۔ 18 اکتوبر کو نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ جناب اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ کے علاوہ مصری وزیر خارجہ سے بھی آن لائن گفتگو کی۔ اگرچہ پوری طرح اندازہ نہیں کہ دونوں وزرائے خارجہ میں کیا بات ہوئی مگر قرین قیاس یہی ہے کہ خطے کی تیزی سے بدلتی صورتحال اور پھیلتی ہوئی جنگ زیر بحث آئی ہوگی۔

سعودی عرب اور حوثیوں کی باہمی آویزش سے بھی بڑھ کر خطے کیلئے جو زیادہ خطرناک بات ہے وہ یہ کہ امریکہ ایک بار پھر ایران پر بھرپور حملوں کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی بحری بیڑا بحر ہند کے سمندروں میں ایران کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس وقت پاکستان اور ایران کو مل کر ایک طرف سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان اور دوسری طرف امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کامیابی سے ہمکنار کرانے چاہئیں۔ ایران بھی امریکہ کے خطرناک جنگی ارادوں سے بے خبر نہیں۔ ایسی خبریں بھی آ رہی ہیں کہ ایران اپنے دفاع کیلئے جدید ترین اسلحہ سے' پہلے سے کہیں بڑھ کر امریکی حملوں کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہے۔ ایران اس اسلحے کی بڑی اور بھاری مقدار خود تیار کر رہا ہے اور اسے چلانے کی مکمل استعداد رکھتا ہے۔ ایران کے نومنتخب وزیر دفاع مہرداد اخلاقی نے اعلان کیا ہے کہ اگر امریکہ نے دوبارہ جارحیت کی تو بھرپور اور حیران کن جواب دیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم کسی ملک پر حملہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں نہ قبضہ کرنے کا۔ ہم امریکہ کے ساتھ مذاکرات کیلئے بھی تیار ہیں مگر کوئی ہمیں گھٹنے ٹیکنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ ان دنوں سوشل میڈیا پر مختلف گروپ مسلکی بنیاد پر پراپیگنڈے کو ہوا دے رہے ہیں' علمائے کرام کو چاہیے کہ اتحاد بین المسلمین کو نقصان پہنچانے والی افواہوں اور پوسٹوں کا پوری شدت کے ساتھ رد کریں۔ صہیونیوں جیسے امتِ مسلمہ کے حریف کسی ایک مسلک کے نہیں بلکہ سارے مسلمانوں کے دشمن ہیں۔

قارئین کو یاد ہوگا کہ رواں سال فروری میں امریکہ اور اسرائیل کی ایران پر مسلط کردہ جنگ کے آغاز میں ہی میناب میں بچوں کے ایک سکول کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ اس حملے میں سوا سو سے اوپر نو دمیدہ کلیاں اور بن کھلے پھول ''فرزندانِ تہذیب'' کی درندگی نے مسل دیے تھے۔ ان بچوں کی یاد ایک دن کے لیے بھی ایرانی قوم کے حافظے سے محو نہیں ہوئی۔ ان پھولوں کی تصاویر تہران' قم' مشہد اور میناب وغیرہ کے پارکوں اور دانش گاہوں کی دیواروں پر آویزاں کی گئی ہیں۔ ننھی بچیوں کی یہ تصاویر ایرانی قوم کے جذبۂ شہادت کی علامت ہیں۔ میناب سکول کی ایک ننھی شہید بیٹی کے بارے میں' اس کے والد کی طرف سے ڈاکٹر مراد عادل نے ایک نوحہ لکھا ہے ۔ اس نوحے کو جو صاحب احساس پڑھتا ہے تڑپ جاتا ہے۔ پاکستان کے ادیب' شاعر اور ماہر تعلیم ڈاکٹر زاہد منیر عامر (حال مقیم تہران) نے ان اشعار کا اردو میں ترجمہ کیا ہے' جس کے لیے ہم ڈاکٹر صاحب کے ممنون ہیں۔ چند فارسی اشعار کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیے:

"اے میری پیاری بیٹی! تیری جدائی سے میرا دل چور ہو گیا ہے۔ ایک بار پھر دنیا میں آ! اور آ کر دیکھ کہ تیری جدائی میں تیرے باپ کا کیا حال ہو گیا ہے ۔ میری بیٹی! وہ سر جو تیرے ہوتے ہوئے مانند سرو سرفراز اور سربلند تھا اب دیکھ کہ شدتِ غم سے گلِ بنفشہ کی طرح سرنگونی کا شکار ہے ۔ (فارسی شاعری میں بنفشہ کا پھول غم و افسردگی کا استعارہ سمجھا جاتا ہے)۔ بیٹی! مجھے اجازت دو کہ میں تمہیں بتاؤں کہ تمہارے بعد میری کیا حالت ہو گئی ہے ۔ میں ایک ایسے پرندے کی مانند ہو گیا ہوں جو آسمان کی بلندی پر اڑتے اڑتے اچانک زمین پر آ گرا ہو"۔

غزہ کے ہزاروں شہید بچوں کے زندہ بچ جانے والے والدین بھی اسی طرح تڑپ رہے ہیں۔ اللہ مسلم حکمرانوں کو قوت و شوکت اور باہمی اتحاد دے' تاکہ مسلمان بچے یوں شہید نہ ہوں اور اُن کے والدین اُن کی جدائی میں نہ تڑپیں۔

SHOWBIZ شوبز

میرے خاندان میں دیسی گھی روزمرہ معمولات کا حصہ ہے، سیف علی خان

کرینہ کپور خان رات کو سونے سے پہلے اپنے پیروں پر دیسی گھی لگاتی ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار سیف علی خان نے کامیڈی شو میں شرکت کے دوران اپنی اہلیہ اور اداکارہ کرینہ کپور خان کی رات کو سونے سے پہلے کی ایک دلچسپ عادت کا انکشاف کیا ہے، جس پر شو میں موجود افراد ہنس پڑے۔ دی کپل شرما شو کی حالیہ قسط میں میزبان کپل شرما نے جوڑے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ 14 سالہ ازدواجی زندگی کے باوجود دونوں تر و تازہ دکھائی دیتے ہیں، اس پر سیف علی خان نے اپنے خاندان میں دیسی گھی کے استعمال اور کرینہ کی سونے سے پہلے کی عادت کے بارے میں بتایا۔ اداکار نے انکشاف کیا ہے کہ میرے خاندان میں دیسی گھی روزمرہ معمولات کا حصہ ہے اور اس کا استعمال صرف کھانا پکانے تک محدود نہیں، کرینہ کپور خان رات کو سونے سے پہلے اپنے پیروں پر دیسی گھی لگاتی ہیں۔ کرینہ نے بھی گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے بتایا ہے کہ اس معمول پر عمل کرنے کے بعد مجھے اچھی نیند آتی ہے۔ سیف علی خان نے مزاحیہ انداز میں بتایا کہ رات کے وقت ہمارے کمرے سے سڑک کنارے

نمیر خان نے منگنی کر لی؟ سوشل میڈیا پوسٹ نے مداحوں کو حیران کر دیا

اداکار نے تصویر کے ساتھ دلچسپ کیپشن لکھا، سمجھ جائیں پلیز، اب تنگ نہ کریں



کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے اداکار نمیر خان کی حالیہ سوشل میڈیا پوسٹ نے ان کی منگنی سے متعلق قیاس آرائیوں کو جنم دے دیا۔ ڈرامہ سیریل درنجات میں زال کا کردار ادا کرنے والے نمیر خان نے انسٹاگرام پر اپنی ایک تصویر شیئر کی جس میں وہ بھورے رنگ کی شلوار قمیض اور واسکٹ پہنے نظر آئے۔ تاہم مداحوں کی توجہ ان کے لباس کے بجائے انگلی میں موجود سنہری انگوٹھی نے حاصل کر لی۔ اداکار نے تصویر کے ساتھ دلچسپ کیپشن لکھا، سمجھ جائیں پلیز، اب تنگ نہ کریں۔ اس پوسٹ کے بعد مداحوں نے اندازے لگانا شروع کر دیے کہ شاید نمیر خان نے خاموشی سے منگنی کر لی ہے۔ ایک صارف نے لکھا کہ اداکار اپنی منگنی کا اشارہ دے رہے ہیں، جبکہ دوسرے نے انہیں مبارک باد پیش کر دی۔


لوگوں کو میری آمدنی کا اندازہ نہیں، اریب پرویز

میں نے کبھی اپنی آمدنی عوام کے سامنے ظاہر نہیں کی

کراچی (این این آئی) معروف یوٹیوبر اقرا کنول کے شوہر اریب پرویز نے اہلیہ کی کمائی پر اٹھنے والے سوالات پر خاموشی توڑ دی۔ اریب پرویز نے اہلیہ کی کمائی پر انحصار کرنے سے متعلق سوشل میڈیا پر ہونے والی تنقید کا جواب دے دیا۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ کے دوران اریب پرویز سے سوال کیا گیا کہ کیا بیوی کی زیادہ آمدنی شوہر میں احساسِ کمتری پیدا کرتی ہے؟ جس پر اریب نے جواب دیا کہ لوگوں کو کیسے معلوم ہے کہ ہم دونوں میں سے کون زیادہ کماتا ہے؟ ممکن ہے انہیں میری آمدنی کا اندازہ ہی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ لوگ ایسی فضول باتیں کرتے رہتے ہیں، تاہم انہوں نے کبھی اپنی آمدنی عوام کے سامنے ظاہر نہیں کی۔ اریب پرویز کے مطابق وہ ریسٹورنٹ فور سمیت متعدد کاروبار چلا رہے ہیں، جبکہ ریسٹورنٹ میں چار شراکت داروں نے برابر سرمایہ لگایا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ اور اقرا کنول مل کر کام کرتے ہیں اور دونوں نے اپنی محنت سے سب کچھ بنایا ہے۔ واضح رہے کہ اقراء کنول اپنے مقبول یوٹیوب چینل سسٹر ولوگ کے باعث شہرت رکھتی ہیں۔

نکوٹین ویپنگ سے میری آواز تبدیل ہو گئی، گلوکارہ سیلینا گومز

میں اپنی آواز میں آنے والی تبدیلی کو واپس نہیں بدل سکتی، نکوٹین چھوڑنا انتہائی مشکل ہے



نیویارک (این این آئی) امریکی گلوکارہ اور اداکارہ سیلینا گومز نے انکشاف کیا ہے کہ نکوٹین ویپنگ کے باعث میری آواز تبدیل ہو گئی، تاہم اس عادت کو ترک کرنا مشکل ہونے کے باوجود فائدہ مند ثابت ہوا۔ سیلینا گومز نے انسٹاگرام اسٹوریز پر جاری ایک ویڈیو میں بتایا ہے کہ میں نے بالآخر ویپنگ چھوڑ دی ہے۔ انہوں نے نکوٹین کی لت سے چھٹکارا پانے کی کوشش کرنے والے افراد کو ہمت نہ ہارنے کی ترغیب بھی دی ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ میں اپنی آواز میں آنے والی تبدیلی کو واپس نہیں بدل سکتی، نکوٹین چھوڑنا انتہائی مشکل ہے۔، لیکن یہ عادت اس قابل نہیں کہ اسے جاری رکھا جائے۔ سیلینا گومز کی آواز میں تبدیلی سے متعلق مداح کئی سال سے گفتگو کر رہے ہیں، جبکہ اس حوالے سے ان کی تقریبات اور انٹرویوز کی ویڈیوز بھی سوشل میڈیا پر گردش کرتی رہی ہیں۔

ایلون مسک پر مبنی دستاویزی فلم کے تشہیری اکاؤنٹ کو مستقل طور پر معطل کر دیا گیا

نیویارک (این این آئی) ٹک ٹاک نے ارب پتی کاروباری شخصیت ایلون مسک پر بنائی گئی دستاویزی فلم مسک کی تشہیر کرنے والے اشتہاری اکاؤنٹ کو مستقل طور پر معطل کر دیا۔ امریکی جریدے کے مطابق ٹک ٹاک نے اشتہاری اکاؤنٹ کو سیاسی مواد سے متعلق اپنی پالیسیوں کی بار بار خلاف ورزی کا حوالہ دینے کے بعد معطل کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق فلم کی ڈسٹری بیوٹر کمپنی کو جمعے کی سہ پہر مطلع کیا گیا تھا کہ اس کا اشتہاری اکاؤنٹ مستقل طور پر معطل کیا جا رہا ہے، جس کے بعد کمپنی نہ تو اشتہارات خرید سکے گی اور نہ ہی فلم سے متعلق مواد کی تشہیر کے لیے رقم خرچ کر سکے گی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹک ٹاک پر دستاویزی فلم کا معمول کا، غیر معاوضہ شدہ اکاؤنٹ بدستور فعال ہے، تاہم ڈسٹری بیوٹر کمپنی اب اشتہارات خریدنے یا اپنی پوسٹس کی رسائی بڑھانے کے لیے ادائیگی کرنے سے قاصر ہے۔

ماڈلنگ کے زمانے میں مجھے فلم جیوا میں کام کرنے کی پیشکش بھی ہوئی تھی

فلم ''دیوانے تیرے پیار کے'' کیلئے 50 لاکھ روپے سے زائد معاوضہ وصول کیا تھا، جیا علی



کراچی (این این آئی) پاکستانی سابقہ معروف اداکارہ اور ماڈل جیا علی نے اپنی پہلی فلم کے لیے ملنے والے معاوضے سے پردہ اٹھا دیا۔ انہوں نے انکشاف کیا ہے کہ میں نے اپنی پہلی فلم ''دیوانے تیرے پیار کے'' کے لیے 50 لاکھ روپے سے زائد معاوضہ وصول کیا تھا۔ جیا علی نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز کامیاب پاکستانی فلم دیوانے تیرے پیار کے سے کیا، جس میں انہوں نے اداکار معمر رانا کے ساتھ کام کیا تھا۔ جیا علی نے اپنے کیریئر کے عروج پر شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہہ دیا تھا، انہوں نے 2021 میں کاروباری شخصیت عمران ادریس سے شادی کی اور ان کی شادی کو 5 سال ہو چکے ہیں۔ حال ہی میں جیا علی نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی پہلی فلم کے لیے بھاری معاوضہ لینے سے متعلق تفصیلات بتائیں۔ پروگرام کے دوران ان سے سوال کیا گیا کہ ہم نے سنا ہے کہ آپ نے اپنی پہلی فلم دیوانے تیرے پیار کے کے لیے 1 کروڑ روپے معاوضہ لیا تھا، کیا یہ درست ہے؟ اس پر جیا علی نے جواب دیا کہ دیوانے تیرے پیار کے میری پہلی فلم تھی، جو 1997 میں ریلیز ہوئی، اس فلم میں معمر رانا میرے ساتھ تھے، میں نے پورا 1 کروڑ روپے معاوضہ نہیں لیا تھا لیکن اس وقت میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکارہ ضرور تھی۔ انہوں نے بتایا کہ فلم کی شوٹنگ کے لیے ہم ایک دوسرے ملک گئے تھے۔

عروسہ اور بلال قریشی کے درمیان تلخیاں بڑھنے اور رشتہ ٹوٹنے کی خبریں وائرل

علیحدگی کی افواہوں کو اس وقت مزید ہوا ملی جب عروسہ نے انسٹاگرام پر بلال قریشی کو ان فالو کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی مقبول ترین جوڑی عروسہ قریشی اور بلال قریشی کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر قیاس آرائیاں شروع ہو گئی ہیں۔ عروسہ قریشی کی جانب سے انسٹاگرام پر بے وفائی سے متعلق پیغامات شیئر کیے جانے کے بعد دونوں کے درمیان علیحدگی کی افواہیں گردش کرنے لگی ہیں، جس پر مداح بھی تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ عروسہ قریشی نے حال ہی میں انسٹاگرام اسٹوریز پر ایسے پیغامات شیئر کیے جن میں بے وفائی کرنے والے مردوں اور ازدواجی رشتوں میں اعتماد کی اہمیت کا ذکر تھا۔ ایک پیغام میں کہا گیا کہ دھوکا دینا کوئی غلطی نہیں بلکہ ایک انتخاب ہے۔ دیگر پوسٹس میں ایسے مردوں پر تنقید کی گئی جو اپنی بیویوں کو اہمیت دینے کے بجائے دوسری خواتین کی تعریف کرتے ہیں، جبکہ ایک پیغام میں غلطی کرنے کے بعد بار بار معافی مانگنے کے رویے پر بھی بات کی گئی۔ ان پوسٹس کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے اندازے لگانا شروع کر دیے کہ آیا ان پیغامات کا تعلق عروسہ قریشی کی اپنی ازدواجی زندگی سے ہے یا نہیں۔ تاہم، اداکارہ نے ان پیغامات میں بلال قریشی کا نام لے کر کوئی واضح الزام نہیں لگایا۔ علیحدگی کی افواہوں کو اس وقت مزید ہوا ملی جب عروسہ نے انسٹاگرام پر بلال قریشی کو ان فالو کر دیا۔

SPORTS سپورٹس

''موبائل فون کے استعمال میں تھوڑی کمی لائیں، شعیب اکاکم عمر افراد کو مشورہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور معروف فاسٹ بولر وسیم اکرم نے 50 سال سے زائد عمر کے افراد کو مشورہ دیا ہے کہ موبائل فون کے استعمال میں تھوڑی کمی لائیں، تاکہ اپنے پیاروں کے ساتھ معیاری وقت گزارنے اور صحت مند طرز زندگی اپنانے پر توجہ دے سکیں۔ سابق کرکٹر نے فوٹو اینڈ

1 ضلع راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں 132 کے وی گرڈ اسٹیشنز سے بجلی فراہم کرنے والے 11 فیڈرز کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے جمعرات 27 اگست کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ فیڈرز میں گلزار کالونی، ریلوے روڈ، مدینہ ٹاؤن، چک بیلی خان اور ڈھوک حسو کے کچھ حصے شامل ہیں۔ صارفین سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

2 راولپنڈی کے علاقے ڈھوک رتہ میں 100 کے وی گرڈ اسٹیشن سے بجلی فراہم کرنے والے 11 فیڈرز کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے جمعرات 27 اگست کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ فیڈرز میں گلزار کالونی، ریلوے روڈ، مدینہ ٹاؤن، چک بیلی خان اور ڈھوک حسو کے کچھ حصے شامل ہیں۔ صارفین سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

3 راولپنڈی کے علاقے ڈھوک رتہ میں 132 کے وی گرڈ اسٹیشن سے بجلی فراہم کرنے والے 11 فیڈرز کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے جمعرات 27 اگست کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ فیڈرز میں گلزار کالونی، ریلوے روڈ، مدینہ ٹاؤن، چک بیلی خان اور ڈھوک حسو کے کچھ حصے شامل ہیں۔ صارفین سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

4 راولپنڈی کے علاقے ڈھوک رتہ میں 132 کے وی گرڈ اسٹیشن سے بجلی فراہم کرنے والے 11 فیڈرز کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے جمعرات 27 اگست کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ فیڈرز میں گلزار کالونی، ریلوے روڈ، مدینہ ٹاؤن، چک بیلی خان اور ڈھوک حسو کے کچھ حصے شامل ہیں۔ صارفین سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

5 راولپنڈی کے علاقے ڈھوک رتہ میں 132 کے وی گرڈ اسٹیشن سے بجلی فراہم کرنے والے 11 فیڈرز کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے جمعرات 27 اگست کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ فیڈرز میں گلزار کالونی، ریلوے روڈ، مدینہ ٹاؤن، چک بیلی خان اور ڈھوک حسو کے کچھ حصے شامل ہیں۔ صارفین سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

6 ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم

راولپنڈی (پ ر) 21 اگست: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں بجلی کے ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں متبادل ٹرانسفارمر فوری فراہم کیا جائے۔ ہدایت پر عمل نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

7 ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم

راولپنڈی (پ ر) 21 اگست: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں بجلی کے ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں متبادل ٹرانسفارمر فوری فراہم کیا جائے۔ ہدایت پر عمل نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

8 ضلع بھر میں 24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کا حکم

راولپنڈی (پ ر) 21 اگست: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں بجلی کے ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں متبادل ٹرانسفارمر فوری فراہم کیا جائے۔ ہدایت پر عمل نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

9 ضلع بھر میں 24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کا حکم

راولپنڈی (پ ر) 21 اگست: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں بجلی کے ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں متبادل ٹرانسفارمر فوری فراہم کیا جائے۔ ہدایت پر عمل نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

10 ضلع بھر میں 24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کا حکم

راولپنڈی (پ ر) 21 اگست: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں بجلی کے ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں متبادل ٹرانسفارمر فوری فراہم کیا جائے۔ ہدایت پر عمل نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

11 ضلع بھر میں 24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کا حکم

راولپنڈی (پ ر) 21 اگست: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں بجلی کے ٹرانسفارمر خراب ہونے کی شکایت 24 گھنٹے میں دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں متبادل ٹرانسفارمر فوری فراہم کیا جائے۔ ہدایت پر عمل نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

12 ٹیکہ کاری مہم کے دوران 1223 بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے

